خالص اسلامی فکر و عمل کے بزرگ تھے۔ اور اخوان‌المسلمین کے بانیوں میں ان کا شمار تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔

(۲) ۴ دسمبر کو جوگجاکرتا (انڈونیشیا) میں ڈاکٹر عبدالقاہر مذکر کا انتقال ہوگیا۔ مرحوم مسلم یونیورسٹی جوگجاکرتا کے صدر تھے۔ اسلامی علوم اور عربی زبان کے ممتاز ماہر تھے۔ اتحاد اسلامی کے عظیم المرتبت نقیب تھے۔ ۱۹۳۱ میں جب کہ یہ قاہرہ میں زیر تعلیم تھے، انھوں نے بیت‌المقدس میں منعقد ہونے والی مسلم کانفرنس میں شرکت کی تھی، خدا ان پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔

تصحیح:۔ رسالہ فکرونظر بابتہ دسمبر ۱۹۷۳ء میں ص ۳۷۳ پر کتاب اخبارالاسویین کے محقق کا مکمل نام درج ہونے سے رہ گیا ہے، شبہ ہوتا ہے کہ وہ کوئی غیر مسلم مستشرق ہوگا۔ اس لئے یہ تصحیح کی جاتی ہے کہ ان کا نام ڈاکٹر محمد فواد سیزگین ہے جو جامعۂ استنبول کے ممتاز پروفیسر اور بین الاقوامی شہرت رکھنے والے ایک عالم ہیں۔